# ہندوستانی زبانیں اورادب—1

| سبق نمبر | سبق کا عنوان | مقاصد | سرگرمی |
|---|---|---|---|
| 6 | ہندوستانی زبانیں اور ادب 1- | • اس سبق کو پڑھنے کے بعد:<br>• ہندوستان کے ثروت منداد بی ورثہ کا تجزیہ کرسکیں گے؛<br>• ہندوستان میں زبانوں اورادب کے تنوع کے بارے میں اپنی واقفیت میں اضافہ کرسکیں گے؛<br>• ہندوستان میں زبانوں اور ادب کی مختلف اقسام کو درج فہرست کرسکیں گے؛<br>• ہندوستان کی زبانوں اورادب کے تنوع اور اس میں مضمر وحدت کی قدر شناسی کرسکیں گےاور؛<br>• عالمی ادب میں ہندوستان کے اہم حصہ کی شناخت کرسکیں گے؛ | اپنے والدین اوراستاد، یا اپنے خاندان یا پڑوس کے دوسرے بزرگوں کے ساتھ بات چیت کے ذریعہ اس سبق کو سمجھنا |

## تعارف

زبان وہ ذریعہ ہے جس سے ہم اپنے افکار وخیالات کا اظہار کرتے ہیں۔ادب وہ آئینہ ہے جوان تصورات اورفلسفوں کی عکاسی کرتا ہے جو سماج کی تنظیم کرتے ہیں۔

### ادب کی اقسام

| | |
|---|---|
| نثر | مذہبی |
| شاعری | غیر مذہبی |
| ڈرامہ | |

### سنسکرت زبان

سنسکرت ہمارے ملک کی سب سے قدیم زبان ہے۔قواعد زبان کے عظیم سنسکرت اوراس کے الفاظ کی تربیت کا قواعد زبان کی اپنی لاثانی تخلیق ''اشٹھ ادھیائے''میں تجزیہ کیا تھا۔

ویدک

• رگ وید
• یجروید
• سام وید
• اتھروید

برہمناؤں کی اس کتاب میں ویدک رسوم ورواج اورتعلیمات وضاحت پیش کی گئی ہے۔ارنائک نے جو برہمناؤں کاضمیمہ ہے،اورزیادہ فلسفیانہ ادب کی داغ جل ڈالی۔

اپنشد ویدوں کے آخری حصے ہیں، ان میں کائنات کی ابتدا، زندگی اور موت مادی اور روحانی زندگی ،معلومات وآگہی کی نوعیت اوردوسرے کئی سوالات کی وضاحت کی گئی ہے۔

### رامائن اورمہابھارت

رامائن اورمہابھارت دوطویل رزمیے ہیں والمیکی کی رامائن اصل رامائن

ہے۔ رامائن میں مثالی سماج کی تصویر کشی کی گئی ہے۔ دوسرے رزمیے ''مہابھارت'' کو ویاس نے تصنیف کیا تھا۔ ابتدائی طور پر اس کو سنسکرت زبان تحریر کیا گیا تھا۔ اور اس میں بیانیہ توصیفی اور ناصحانہ مواد شامل ہیں۔ جو کوروؤں اور پانڈوؤں کے درمیان تصادم سے متعلق ہیں۔ مہابھارت

## پالی، پراکرت اور سنسکرت زبانوں میں ابتدائی بودھ اور جین ادب

قدیم ترین بودھ ادب پالی زبان میں لکھا گیا، بودھ ادب کو مخروطی اور غیر مخروطی زمروں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

مخروطی ادب کی نمائندگی ''ترپیتا کاؤں'' سے ہوتی ہے۔

## پوران

- پورانوں کا مقام اہمیت کے لحاظ سے ویدوں اور رامائن اور مہابھارت کے رزمیوں کے بعد ہے۔ بعض مشہور پوران ہیں: برہما، پدما، وشنو، وایو، اگنی، ماتسیہ اور گورڈا

پورانوں میں اہم جغرافیائی معلومات/تواریخ شامل ہیں اور اس میں جنم، پنر جنم اور راجاؤں کے سلسلہ نسب کے بارے میں ذکر کیا گیا ہے۔

## ترپیتا کائیں

- ونے پتاک: روزمرہ کی زندگی کے اصول وضوابط
- ستا پتاک: اخلا اور دھرم کے بارے میں مکالمے اور بات چیت
- ابھی دام پتاک: فلسفہ اور مابعد الطبیعات

## جین کتابیں پراکرت زبان میں لکھی گئی

- مالی سوتر
- چھداب سوتر
- پراکرتی
- اپنگائیں
- مالی سوتر

اہم جین دانشوران: (i) ہری بھدر سوری (اٹھویں عیسوی) اور (ii) ہم چندر سوری (12ویں صدی عیسوی)

## دیگر سنسکرت وادب

دھرم سوتر اور سمرتیاں مجموعی طور پر ''دھرم شاستر'' کے طور پر جانی جاتی ہے۔ ان میں ضوابط کو بیان کیا گیا ہے جن کے مطابق املاک کو رکھا جاتا ہے، انہیں فروخت کیا جاتا اور وراثت میں دیا جاتا ہے۔ اس میں فرد کے ذریعہ چوری کی گئی، حملہ، قتل اور زناکاری جیسے گناہوں کے لیے سزائیں بھی تجویز کی گئی ہیں۔ ''منوسمرتی

''، ہمیں سماج میں عورت اور مرد کے رول، ان کے ضابطۂ اخلاق اور ایک دوسرے کے ساتھ ان کے تعلقات سے بھی واقف کراتی ہے۔

کوٹلیہ ''ارتھ شاستر'' اس دور کی سماجی اور معاشی کیفیت کی عکاسی کرتا ہے۔

بھاس، شودارک، کالیداس اور بھان بھٹ کی تخلیقات گپتا راجاؤں اور ہرش وردھن کے عہد میں شمالی اور سطی ہندوستان سماجی اور ثقافی زندگی کی جھکیاں فراہم کرتی ہیں۔

## گپتا عہد کے مشہور سنسکرت مصنفین

1۔کالیداس — کھنڈکاویہ
میگھ دوت
رتوسمہارا
ڈرامہ
مالوک اگنی مترم
ابھیگیان شکنتلم
وکرم واسیم
رزمیہ نظمیں
رگھوونشم
کمارسامبھوم

2۔وشاکھاوت — ڈرامہ
مودراکش

3۔شوداک — ڈرامہ
مرچھاکاٹیکم

4۔بھاس — 13ڈرامے

5۔ہرش وردھن — نظم
سمدرگپت کی شجاعت کی ستائش

## بعض دوسرے مشہور مصنفین

1۔اشوگھوش — بودھ چرتر
سوندرانند

2۔جیرک — ادویات سے متعلق کتابیں

3۔سشتر: — جیراحت سے متعلق کتابیں

4۔وراہ میر — علم فلکیات

5۔آریہ بھٹ — علم فلکیات اور علم ستارہ شناسی

6۔لگھدآچاریہ — علم ستارشناسی

## قرون وسطیٰ سے پہلے کا عہد

1۔سوم دیو — کتھاسرت ساگر
2۔کاہن — رجت راگنی
3۔جے دیو : — گیت گووندا

## تیلگو کنٹرااور ملیالم ادب

تیلگوادب:

وجے نگر حکومت کا دور تیلگو ادب کا سنہرادور تھا۔اترار یواسم'' کےعنوان سے نچنا سومناتھ کی شعری تخلیق (1509-1529) تھی۔ وہ ایک عظیم شاعر تھا۔اموکت ملیا داس تیلگوادب میں ''پربندھ'' ہے۔تیلگو زبان کے آٹھ ادبی ستارے جو''اشٹھ دگجوی'' کے نام سے جانے جاتے ہیں، میں''منو چرترم'' کے مصنف الاسانی پیدا تھے۔اس گروپ میں نندی''پرسجتنا پرانم، مادیہ گری ملانا،دھرجتی،ائیلا راجورام بھدرکولی، پنگال سورنی،رام راج بھوشن اورتینالی رام کرشن تھے۔

کنڑادب:

''کویراجامنگ'' راشٹرکٹ راجہ نےلکھی تھی جس کا نام پرنرپتنگا اموکھادرشن ۔اول تھا۔''ادبی پوران اور''وکرماراجاجیووجے'دسویں صدی عیسوی میں لکھی گئیں۔

ملیالم ادب

ملیالم زبان 11ویں صدی/اور پندرھویں صدی کے درمیان ابھری اور اس کی شناخت ایک الگ زبان کےطور پرہوئی۔

تامل یاسنگم ادب:

تامل کوتحریری زبان کےطور پرعیسوی صدی کےآغاز سے جانا جاتا ہے۔سنگم ادب کا قابل لحاظ حصہ چوتھی صدی کےاوائل میں لکھا گیااور بالآخر 600ءتک اس کی تالیف عمل میں آئی ۔شاعر گویے اور مصنفین جنوبی ہندوستان کے مختلف حصوں سے مدرائی آئے تھے۔اس طرح کےاجلاس کوسنگم کہا جاتا تھااوران اجلاس میں تخلیق کردہ ادب کو سنگم ادب'' کہا جاتا تھا۔سنگم ادب مختلف شعر کےذریعہ کہی گئی طویل اورمختصر منظومات کا مجموعہ ہے۔

## اپنا تجزیہ کریں:

**سوال:** ''سنسکرت کئی ہندوستانی زبانوں کی بنیاد ہے'' وضاحت کیجیے

**سوال:** اپنشدوں کی اہمیت پر بحث کیجیے

**سوال:** بودھ اورجین ادب کی دو فہرستیں بنایئے اور پھر ان دو تخلیقات کے بارے میں لکھیے جوآپ کودلچسپ لگتی ہیں۔